**Fazil / Tausif**

**22-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نیتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی SIR سے متعلق سپریم کورٹ کے حکم نامے کو لاگو کرنے کیلئے ہدایات جاری کی ہیں۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ گرین لینڈ کو حاصل کرنے کیلئے طاقت کا استعمال نہیں کریں گے۔ انہوں نے یوروپ میں امریکی اتحادیوں پر مجوزہ محصولات کو منسوخ کرنے کا بھی اعلان کیا۔

3- یوروپی پارلیمنٹ نے صدر ٹرمپ کے گرین لینڈ کے مطالبے کے بعد امریکہ کے ساتھ یوروپی یونین کے تجارتی معاہدے سے متعلق کام کاج کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

4- بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC نے، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے میچز شوڈیول کے مطابق بھارت میں کھیلے جائیں گے۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، ناگپور میں 5 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کے سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے نیو زیلینڈ کو 48 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

EC - WB SIR

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی، SIR سے متعلق سپریم کورٹ کے حکم پر عمل درآمد کرنے سے متعلق ہدایات جاری کی ہیں۔ اِس کے تحت، منطقی تضاد اور غیر احاطہ شدہ زمروں کے ناموں کو عوامی طور پر جاری کرنے اور متاثرہ ووٹرز کو مقررہ وقت میں اپنے دستاویزات داخل کرنے اور سماعت کا موقع دینے کی بات کہی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**VC - Priya**

*انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی، **SIR 2026** سے متعلق اِس مہینے کے سپریم کورٹ کے حکم پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی مغربی بنگال حکام کو ہدایت دی*

ہے۔ انتخابی کمیشن نے ریاستی انتظامیہ اور پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ معقول افرادی قوت، آسان سماعت اور امن و قانون برقرار رکھنے کو یقینی بنائے، ساتھ ہی کسی بھی عدم تعمیل کے معاملے میں سخت کارروائی کرے۔ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے DGP، کولکاتہ کے پولیس کمشنر، سبھی ضلع کلکٹروں اور دیگر سبھی پولیس کمشنروں اور سپرینڈنٹ آف پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ جاری SIR کے دوران امن و قانون کی صورتحال کو یقینی بنائیں۔ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے مغربی بنگال کے لوگوں کو یقین دلایا ہے کہ کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اِس طرح کے سبھی معاملوں میں سخت کارروائی کی جائے گی۔

دلّی سے انوپم مشرا اور پریہ مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .........................

Trump Greenland

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کیلئے طاقت کا استعمال نہیں کریں گے، تاہم انہوں نے اس مطالبے کو دہرایا کہ واشنگٹن کو اس آرکٹک جزیرے کی ملکیت دی جائے۔

Davos میں عالمی اقتصادی فورم سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ وہ گرین لینڈ کو حاصل کرنے کی خاطر بات چیت کیلئے فوری مذاکرات کے خواہاں ہیں۔

گرین لینڈ ڈنمارک کا نیم خودمختار علاقہ ہے، اور ڈنمارک امریکہ کا اتحادی ملک ہے۔ امریکہ اور ڈنمارک شمالی امریکہ اور یوروپ کے اُن 32 ملکوں میں شامل ہیں، جو فوجی اتحاد NATO کا حصہ ہیں۔

ٹرمپ اس سے پہلے بھی کئی بار ڈنمارک سے گرین لینڈ حاصل کرنے کا خیال پیش کر چکے ہیں۔ انہوں نے پہلی بار 2019 میں صدر کے طور پر اپنی پہلی مدّت کار کے دوران یہ تجویز پیش کی تھی۔

گرین لینڈ نے واضح طور پر کہا ہے کہ وہ امریکہ کا حصہ بننا نہیں چاہتا۔ حالانکہ امریکہ نے پہلے ہی اس جزیرے پر ایک فوجی اڈّہ قائم کر رکھا ہے۔

ٹرمپ نے مزید کہا کہ ان کے ملک نے گرین لینڈ کو حاصل کرنے کیلئے مذاکرات کی کوشش کی ہے، کیونکہ امریکہ کے علاوہ کوئی اور ملک اس کی حفاظت کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔×

Trump Teriff Threat

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ یورپ میں اپنے اتحادیوں پر گرین لینڈ پر امریکی کنٹرول کے حوالے سے عائد کرنے والی اپنی مجوزہ محصولات کو منسوخ کر رہے ہیں، کیونکہ انہوں نے اور NATO کے رہنماؤں نے آرکٹک جزیرے کی سکیورٹی کے حوالے سے مستقبل کے معاہدے کیلئے ایک فریم ورک پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اچانک فیصلہ اس وقت سامنے، آیا جب ٹرمپ نے کہا کہ وہ بشمول حق، ملکیت اور قبضہ، گرین لینڈ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ البتہ انہوں کہا کہ وہ اس کیلئے طاقت کا استعمال نہیں کریں گے اور یورپی اتحادیوں سے کہا کہ NATO کو امریکی توسیع کو روکنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔

عالمی اقتصادی فورم میں ایک غیر معمولی تقریر کے دوران صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ سرد اور کمزور مقام پر واقع علاقے کے لیے درخواست کر رہے ہیں۔ ٹرمپ اکثر دباؤ بڑھانے کی کوشش کرتے ہیں، جہاں اُنہیں لگتا ہے کہ وہ ایسا کر سکتے ہیں اور اس کیلئے ماحول سازگار ہے۔ ان کے بیانات کے اثرات بہت بڑے تھے، جو سرد جنگ کے آغاز سے ہی مضبوط اتحاد کو متاثر کر سکتے تھے، جو دنیا کے سب سے مضبوط معاہدوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ کسی بھی قیمت پر گرین لینڈ کا کنٹرول حاصل کرے گا، کیونکہ واشنگٹن کو روس اور چین سے آرکٹک اوشین کے ارد گرد کے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے دنیا کے سب سے بڑے جزیرے کی ضرورت ہے۔

اس دوران ٹرمپ نے ڈنمارک اور NATO کے باقی ملکوں سے کہا کہ وہ پیچھے ہٹ جائیں، ساتھ ہی انہوں نے ایک سنگین انتباہ بھی دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ کو گرین لینڈ حاصل کرنے کے لیے فوری مذاکرات شروع کرنے چاہئیں۔×

## Trump - PM Modi

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے Davos میں ورلڈ اکنامک فورم کے دوران، وزیر اعظم نریندر مودی کی تعریف کی ہے۔ جناب مودی کو اپنا قریبی دوست بتاتے ہوئے جناب ٹرمپ نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور امریکہ تجارتی سمجھوتے پر پہنچ جائیں گے۔ یہ تبصرہ ایسے وقت میں ہوا ہے، جب واشنگٹن اور نئی دلّی تجارتی سمجھوتے پر تعطل کو حل کرنے کے مقصد سے مذاکرات میں مصروفِ عمل ہیں۔×

## Putin Greenland

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے گرین لینڈ حاصل کرنے کے مطالبے نے ڈنمارک کو مشکل صورتحال میں ڈال دیا ہے اور NATO فوجی اتحاد کو بھی ہلا کر رکھ دیا ہے۔ تاہم روس کے صدر ولادیمیر پُتن نے کہا ہے کہ وہ اس معاملے پر کوئی تشویش نہیں رکھتے۔ قومی سلامتی کونسل کے اجلاس میں کل رات ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے اپنے خطاب میں صدر پُتن نے کہا کہ گرین لینڈ کے ساتھ کیا ہوتا ہے، اس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ روسی صدر نے کہا کہ ان کے خیال میں متعلقہ فریق اس مسئلے کو آپس میں خود ہی حل کر لیں گے۔×

## US Trade Deal

یورپی پارلیمنٹ نے امریکہ کے ساتھ یورپی یونین کے تجارتی معاہدے پر کام معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کی وجہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی گرین لینڈ کو حاصل کرنے کے مطالبات اور ان یورپی اتحادیوں پر محصولات عائد کرنے کی دھمکیاں ہیں، جو ان کے منصوبے کی مخالفت کرتے ہیں۔ یورپی یونین اسمبلی نے امریکی سامان پر یورپی یونین کی درآمدی محصولات کو ہٹانے کے حوالے سے قانونی تجاویز پر بحث کی ہے، جو جولائی کے آخر میں اسکاٹ لینڈ کے Turnberry میں ہونے والے معاہدے کا اہم حصہ ہے اور ساتھ ہی امریکی Lobsters کیلئے صفر محصولات کو جاری رکھنے پر بات کی ہے، جو پہلے 2020 میں ٹرمپ کے ساتھ طے کیا گیا تھا۔×

Niti Aayog - Decarbonisation Report

نیتی آیوگ نے نئی دلّی میں سیمنٹ، ایلومینیم اور MSME کے شعبوں کیلئے کاربن کے اخراج کو ختم کرنے سے متعلق روڈ میپ پر مشتمل رپورٹس جاری کی ہیں۔ اس موقع پر نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سُمن بیری نے بھارت کے ترقیاتی سفر میں MSME کے شعبے اور پائیدار اقتصادی ترقی کے اہم رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے MSME شعبے کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا، جو روزگار، جدتِ طرازی اور جامع ترقی کیلئے ایک اہم محرک ہے۔

نیتی آیوگ کے CEO بی-وی-آر سبرامنیم نے کہا کہ ایلومینیم اور سیمنٹ کے شعبے توانائی کے سب سے زیادہ استعمال والے شعبوں میں شامل ہیں، جو صنعتی کاربن اخراج میں نمایاں حصہ ڈالتے ہیں۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ ان شعبوں میں کاربن کے اخراج کو ختم کرنا، بھارت کے آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام کے وعدوں کو پورا کرنے کیلئے ضروری ہے۔ اس کے علاوہ طویل مدتی معاشی مسابقت کو یقینی بنانے کیلئے بھی یہ بیحد اہم ہے۔

نیتی آیوگ کے CEO نے مزید کہا کہ MSMEs کیلئے یہ روڈ میپ کم لاگت والے ماحولیات کیلئے سازگار مالی وسائل تک رسائی، ٹیکنالوجی اور صلاحیت سازی پر زور دیتا ہے تاکہ ایک ہموار اور جامع منتقلی کو ممکن بنایا جا سکے۔×

Jitendra - Nuclear Energy

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اپنے نیوکلیائی توانائی کے پروگرام میں ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، جہاں توانائی کی یقینی فراہمی کو مستحکم کرنے اور اعلیٰ حفاظتی معیار کو برقرار رکھنے کیلئے اصلاحات کی جا رہی ہیں۔ نئی دلّی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ حکومت حال ہی میں منظور شدہ نیوکلیائی قوانین کے تحت تفصیلی ضابطے تشکیل دے رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نیوکلیائی شعبے کو غیر سرکاری حصہ داری کیلئے کھول رہی ہے، جس میں پرائیویٹ کمپنیاں بھی شامل ہیں، البتہ اس میں حفاظتی تدابیر ضروری ہوں گی۔

ڈاکٹر سنگھ نے مزید کہا کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت حکمرانی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے خلائی ٹیکنالوجی کا استعمال ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ملک کی طویل مدتی توانائی کے امتزاج میں متبادل توانائی اور نیوکلیائی توانائی کے درمیان توازن برقرار رکھا جائے گا، تاکہ آب و ہوا کی تبدیلی کی روک تھام کے عزائم، اسٹریٹجک ضروریات اور اقتصادی ترقی کو پورا کیا جا سکے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Pragati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم **PRAGATI** نے اپنی **50** ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ **2015** میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے **PRAGATI** نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں **PRAGATI** نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کی تلقین کو فروغ دیتا ہے۔

آج، اِس خصوصی سیریز میں ہم حیدرآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

**VC - Anupam (Hin/Eng)**

*تلنگانہ کی راجدھانی حیدرآباد، گزشتہ **2** دہائیوں میں بھارت کی سب سے متحرک شہری معیشتوں میں سے ایک کے طور پر اُبھرا ہے۔ اِس عرصے کے دوران، مواصلاتی ٹیکنالوجی، ادویہ پیداوار اور خدمات کے شعبے میں بڑی ترقی رونما ہوئی ہے۔*

*حیدرآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کو عوام کیلئے نقل و حرکت کے تیز رفتار اور بڑی صلاحیت والے نظام کے طور پر شروع کیا گیا تھا اور اِس کا مقصد، حیدرآباد کیلئے شہری نقل و حرکت کا قابل انحصار، موثر اور پائیدار ذریعہ فراہم کرنا تھا۔*

*حیدرآباد میٹرو کا پہلا مرحلہ **69** اعشاریہ **2** کلومیٹر کے بڑی صلاحیت والے **3** کوریڈور پر مشتمل ہے۔*

*مذکورہ پروجیکٹ کا **30** دسمبر **2015** کو وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت والے پرگتی میکانزم کے تحت، سب سے بڑی سطح پر جائزہ لیا گیا تھا۔*

*وزیر اعظم نے متعدد فیصلہ کن ہدایات جاری کیں، تاکہ ادارہ جاتی اور معاشی رکاوٹیں اِس کے آغاز میں حائل نہ ہوں۔ پروجیکٹ کی **PPP** ساخت کے مدِ نظر، تلنگانہ کی حکومت، معاشی امور کے محکمے ار شہری ترقی کی وزارت کو میٹرو کے بلا روکاوٹ اور بروقت آغاز اور نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے احکامات جاری کیے گئے۔ اِس کی بدولت متعدد اداروں نے منظّم اقدامات کیے اور اِس بات کو یقینی بنایا کہ اِن اقدامات سے اِس بڑے پروجیکٹ کا نفاذ کیا جائے۔*

*پرگتی کے تحت کیے گئے اقدامات سے پروجیکٹ کے انتہائی اہم مرحلے میں پیش رفت ہوئی۔ اِس بات کو یقینی بنایا گیا کہ پروجیکٹ کے آغاز اور نفاذ میں تاخیر پیدا کرنے والے عوامل کو دور کیا جائے۔*

*نتیجتاً، حیدرآباد میٹرو اپنے تینوں کوریڈور میں منظّم طریقے سے پیش رفت کر پائی اور وہ آہستہ آہستہ*

عوام کیلئے کھلنے لگے اور لوگ اِن میں سفر کرنے لگے۔ حیدرآباد میٹرو سے سفر میں لگنے والا وقت کم ہوا ہے، سفر اور زیادہ محفوظ ہوا ہے اور اِس سے گاڑیوں کے نجی استعمال کا قابل بھروسہ متبادل ملا ہے۔

آکاشوانی نیوز، دلّی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ......................

Traffic Advisory Beating Retreat

**Beating Retreat** کی تقریب کی ریہرسل کے باعث آج نئی دلّی کے کچھ علاقوں میں ٹریفک پابندیاں نافذ رہیں گی۔ ٹریفک ایڈوائزری کے مطابق، عام ٹریفک کیلئے وجے چوک شام **4** بجے سے **6** بج کر **30** منٹ تک بند رہے گا۔ اس دوران کرشی بھون کے قریب آس پاس کی سڑکوں سے وجے چوک کی جانب رائے سینا روڈ پر بھی گاڑیوں کی آمدورفت بند رہے گی۔

ریہرسل کے اوقات میں دارا شکوہ روڈ، کرشن مینن مارگ اور سُنہری مسجد کی طرف سے وجے چوک کی سمت جانے والی گاڑیوں کی آمدورفت کی اجازت نہیں ہوگی۔ اسی طرح وجے چوک سے رفیع مارگ کے درمیان کا راستہ، جو کرتویہ پتھ کراسنگ کی طرف جاتا ہے، مقررہ اوقات میں بند رہے گا۔

موٹر گاڑی چلانے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ پہلے سے اپنے سفر کی منصوبہ بندی کر لیں اور متبادل راستے اختیار کریں، جن میں رنگ روڈ، رِج روڈ، اربندو مارگ، مدرسہ ٹی-پوائنٹ، صفدرجنگ روڈ، کمال اتاترک مارگ، رانی جھانسی روڈ اور منٹو روڈ شامل ہیں۔×

Chattisgarh Festival

چھتیس گڑھ میں رائے پور ادبی میلہ کل سے شروع ہونے جا رہا ہے۔ تین روزہ اس ادبی میلے میں ملک بھر سے کئی ممتاز ادیب، شاعر، افسانہ نگار، داستان گو، فنکار اور تھیٹر سے وابستہ شخصیات شرکت کریں گی۔×

ICC - BCB

بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل **ICC** نے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ **BCB** کی اُس درخواست کو مسترد کردیا ہے، جس میں ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں سری لنکا کے ساتھ اس کی ٹیم کے طے شدہ مقابلوں میں تبدیلی کرنے کیلئے کہا گیا تھا۔ **ICC** نے کہا ہے کہ مقابلے، شیڈول کے مطابق ہی ہوں گے۔

**ICC** نے کہا کہ بنگلہ دیشی کھلاڑیوں، حکام یا مداحوں کی سلامتی کو بھارت میں ٹورنامنٹ کے کسی بھی مقام پر کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔

یہ فیصلہ **BCB** کی جانب سے تشویش کا اظہار کرنے اور ٹورنامنٹ کے مقامات میں تبدیلی کرنے کے مطالبے پر بات چیت کرنے کی عرضی سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے منعقد کی گئی بورڈ میٹنگ میں کیا گیا۔

**ICC** بورڈ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں مقابلوں کے مقامات میں تبدیلی سے **ICC** کی ساتھ کو نقصان ہوگا اور ایک غیر جانبدار انتظامی ادارے کی شبیہ بھی کمزور ہوگی۔

ICC کے مطابق، بورڈ نے آزادانہ طور پر کیے گئے جائزوں سمیت سلامتی سے متعلق متعدد جائزوں پر نظر ثانی کی اور سبھی میں یہی بات سامنے آئی کہ بنگلہ دیشی کھلاڑیوں کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہونے کا کوئی قابل بھروسہ ثبوت نہیں ہے۔

بنگلہ دیش کو اپنی شمولیت کی تصدیق کرنے کیلئے 21 جنوری تک کا وقت دیا گیا تھا، لیکن اب بورڈ نے ایک اور دن کا وقت دیا ہے۔

اِس بات کا غالب امکان ہے کہ بنگلہ دیش کے ٹورنامنٹ سے نام واپس لینے کی صورت میں Scotlant اُس کی جگہ لے سکتا ہے۔×

Cricket T20

مردوں کے کرکٹ میں کل رات، ناگپور کے وِدربھ کرکٹ ایسوی ایشن اسٹیڈیم میں 5 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے نیو زیلینڈ کو 48 رن سے ہرایا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارتی ٹیم نے نیو زیلینڈ کے خلاف سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل کر لی ہے۔ بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 238 رن بنائے۔ جیت کیلئے 239 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے نیو زیلینڈ کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر صرف 190 رن ہی بنا سکی۔ ابھیشیک شرما کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ دوسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ کل رائے پور کے شہید ویر نرائن سنگھ انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔×

Badminton

بیڈمنٹن میں انڈونیشیا ماسٹرس 2026 کے پری کوارٹر فائنل میں بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی آج اپنے جوہر دکھائیں گے۔

مردوں کے سنگلز میں بھارت کے لکشیہ سین کا مقابلہ ہانگ کانگ کے Jason Gunawan سے، جبکہ سابق عالمی نمبر ایک کدامبی شریکانت کا مقابلہ چینی تائی پے کے Chou Tien-Chen سے ہوگا۔

وہیں، خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو کا سامنا ڈینمارک کی Line Kjaersfeldt سے ہوگا۔

دوسری جانب، مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں ارجن مداتِل راماچندرن اور ہری ہرن اَمساکرونن کی بھارتی جوڑی، پری کوارٹر فائنل کے اپنے مقابلے میں ملیشیا کے Tee Kai Wun اور Man Wei Chong کے خلاف کھیلے گی۔×

IMD

بھارتی محکمۂ موسمیات نے جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفرآباد کے مقامات پر آج شدید بارش اور تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی ہے۔

اِس کے علاوہ، مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور دلّی میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ انڈومان و نکوبار جزائر میں بھی دن کے دوران، اِسی طرح کے موسمی حالات رہ سکتے ہیں۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق، وسطی بھارت میں اگلے دو دن کے دوران، کم از کم درجۂ حرارت میں کوئی خاطر خواہ تبدیلی نہیں ہوگی۔ موسمیات کے محکمہ نے مزید بتایا کہ شمال مغربی بھارت میں اگلے 48 گھنٹے کے دوران، کم از کم درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہوسکتا ہے۔×

HM Roshan Singh

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مجاہد آزادی ٹھاکر روشن سنگھ کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ غیر معمولی بہادری اور دلیری کے ساتھ ٹھاکر روشن سنگھ نے برطانوی اقتدار کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں اور نوجوانوں کو منظّم ہو کر مسلح انقلاب کا راستہ اپنانے کی ترغیب دی۔
انہوں نے کہا کہ کاکوری ٹرین ایکشن کے ذریعے اس عظیم مجاہد آزادی نے ملک کے وسائل کی لُوٹ مار کے خلاف ایک مہم کا آغاز کیا۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ روشن سنگھ مادرِ وطن کے دفاع میں ہر بھارتی کیلئے ہمیشہ ایک تحریک اور ترغیب کا ذریعہ رہیں گے۔×

Cricket WPL

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں، آج وڈودرا کے BCA اسٹیڈیم کوٹامبی میں لیگ میچ میں یو-پی واریئرس کا مقابلہ گجرات جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ خواتین پریمیر لیگ 2026 کا انعقاد دو شہروں میں کیا جا رہا ہے۔ نوی ممبئی میں ٹورنامنٹ کے پہلے مرحلے کا انعقاد کیا گیا۔ اب تمام پانچوں ٹیمیں ٹورنامنٹ کے دوسرے مرحلے کیلئے گجرات پہنچ گئی ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر رضوی
شکریہ - نیتیکا

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔
روزنامہ پرتاپ نے کابینہ کی جانب سے اٹل پنشن یوجنا کی 2031 تک توسیع کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق، حکومت نے روزگار پیدا کرنے اور چھوٹی صنعتوں کو فروغ دینے کے مقصد سے اسال انڈسٹریز ڈوپلپمنٹ بینک آف انڈیا میں 5 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کو بھی منظوری دی ہے۔
وہیں، روزنامہ پرتاپ نے بجلی کی وزارت کی جانب سے قومی بجلی پالیسی کا مسودہ جاری کیے جانے کی خبر کو بھی نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق، یہ پالیسی، سال 2005 سے نافذ موجودہ قومی بجلی پالیسی کی جگہ لے گی۔

روزنامہ انقلاب نے سپریم کورٹ کے اُس فیصلے کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے، جس میں عدالت نے کہا ہے کہ وہ اراولی پہاڑیوں کی تشریح اور کانکنی سے متعلق خدشات کا جائزہ لینے کیلئے ماہرین پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے گی۔ سپریم کورٹ نے اِس سے پہلے اراولی سے متعلق 20 نومبر کی اپنی ہدایات پر روک لگا دی تھی۔

وہیں، روزنامہ انقلاب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے گرین لینڈ کو بزورِ طاقت حاصل نہ کرنے کے بیان کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق، ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ کے علاوہ کوئی بھی ملک گرین لینڈ کو تحفظ فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی SIR سے متعلق سپریم کورٹ کے حکم نامے کو لاگو کرنے کیلئے ہدایات جاری کی ہیں۔

2- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ گرین لینڈ کو حاصل کرنے کیلئے طاقت کا استعمال نہیں کریں گے۔ انہوں نے یوروپ میں امریکی اتحادیوں پر مجوزہ محصولات کو منسوخ کرنے کا بھی اعلان کیا۔

3- یوروپی پارلیمنٹ نے صدر ٹرمپ کے گرین لینڈ کے مطالبے کے بعد امریکہ کے ساتھ یوروپی یونین کے تجارتی معاہدے سے متعلق کام کاج کو معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

4- بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC نے، بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے میچز شوڈیول کے مطابق بھارت میں کھیلے جائیں گے۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، ناگپور میں 5 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کے سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے نیو زیلینڈ کو 48 رن سے ہرایا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---